بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
نومبر 2025

## 1۔قرآن کریم

"سُوۡرَۃُ الۡاَعۡلٰی" کی آیات 6-10 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیت نمبر 6 کی تفسیر ہمیں قرآن کریم کی ابدی تعلیمات کے متعلق کیا بتاتی ہیں؟
- آیت نمبر 8 اِنَّہٗ یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ وَمَا یَخۡفٰی یعنی وہ ظاہر کو بھی جانتا ہے اور اسے بھی جو مخفی ہے، کا کیا مطلب ہے؟
- آیت نمبر 9 کی تفسیر میں اللہ تعالیٰ نے دین کی حفاظت اور اس کے دائمی قیام کا کیا ذریعہ بیان کیا ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 299–306
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 54-89:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=58

## 2۔اسماء الحسنیٰ

اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلۡمُجِیۡبُ" (قبول کرنے والا) کا مطالعہ کریں۔

اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلۡمُجِیۡبُ" کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 25 اپریل 2003 میں بیان فرماتے ہیں کہ جب بندہ اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے دونوں ہاتھ بلند کرتا ہے تو وہ ان کو خالی اور ناکام واپس کرنے سے شرماتا ہے۔ پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں اور مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں۔

- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلۡمُجِیۡبُ" کے ذریعہ سے انسان کا خدا تعالیٰ کے ساتھ تعلق کس طرح مضبوط ہوتا ہے؟
- دعا میں اخلاص اور صبر پیدا کرنے کے لئے کیا طریق اختیار کئے جا سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 316-317
خطبہ جمعہ مورخہ 25/04/2003: https://www.alislam.org/friday-sermon/2003-04-25.html
خطبہ جمعہ مورخہ 11/08/2006: https://www.alislam.org/friday-sermon/2006-08-11.html

## 3۔ حدیث

عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ، كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ۔

ترجمہ۔ ابو عبیدہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے کہ گناہ سے توبہ کرنے والا شخص ایسا ہوتا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

- یہ حدیث ہمیں اسلام میں توبہ کے متعلق کیا تعلیم دیتی ہے اور یہ تعلیم دیگر مذاہب سے کس طرح مختلف ہے؟
- سچی توبہ ایک مومن سے کیا تقاضا کرتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 326-329

## 4۔ ملفوظات۔ مومن اور کافر کی کامیابی میں فرق

حضرت مسیح موعود الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا، مومن کامیابی کے بعد خدا کی طرف رجوع کر کے خدا سے نیا تعارف پیدا کرتا ہے اور اس طرح پر ہر ایک کامیابی کے بعد اس کا خدا سے ایک نیا معاملہ شروع ہو جاتا ہے اور اس میں تبدیلی ہونے لگتی ہے۔

- حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات ہمیں ایک مومن کے لیے کامیابی کے اصل معنی کے بارے میں کیا تعلیم دیتی ہیں نیز یہ کس طرح خدا تعالیٰ سے تعلق کو مضبوط کرتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 339

## 5۔ زبانی یاد کرنے کے لئے دعا


### دُعائے نمازِ جنازہ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا ، وَشَاھِدِنَا وَ غَائِبِنَا، وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا، وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ، اَللّٰھُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ، وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَہٗ۔

ترجمہ: اے اللہ بخش دے ہمارے زندوں کو اور جو مر گئے ہیں۔ اور جو حاضر ہیں اور جو موجود نہیں۔ اور ہمارے چھوٹوں کو اور بڑوں کو۔ اور ہمارے مردوں کو اور عورتوں کو۔ اے اللہ جسے تو ہم میں سے زندہ رکھے اُسے اسلام پر زندہ رکھ۔ اور جسے تو ہم میں سے وفات دے اس کو ایمان کے ساتھ وفات دے۔ اے اللہ اس کے اجر و ثواب سے ہمیں محروم نہ رکھ۔ اور اس کے بعد ہمیں کسی فتنہ میں نہ ڈال۔

- نمازِ جنازہ بمعہ ترجمہ زبانی یاد کریں اور اس کے مفہوم کو سمجھیں۔
- نمازِ جنازہ ادا کرنے کا صحیح طریق سیکھیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 340-341




click to read